**C–I–B**

Roll No. ...........................................

Total No. of Questions : 12] [Total No. of Printed Pages : 15

# SSERKDO18

# 20201–B

# URDU

**Time : 3 Hours ]** **[Maximum Marks : 100**

**(i)** تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰ ر سے ۲۰۰ ر الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ ۱۲

(الف) اپنے پیارے وطن ......... حب وطن ہے ......... جذبہ، ذی عقل

انسان ......... یہ قدرتی امر جس جگہ ......... پیدا ......... پرورش .........

اور زندگی ......... الفت ......... ہے۔ حب وطن کا جذبہ ......... وہ کبھی

......... تن من دھن ......... قربانی ......... آنچ نہیں ......... ارشاد نبویؐ

حب وطن'' حب وطن من الا یمان'' وطن سے سچی محبت کیا ہے؟ اس

کے چیزوں سے کرتے ہوئے بہتر بنانے کی کوشش ............ ۔

(ب) جنگلات ............ سبز سونا ............ آب و ہوا ............ بارشیں ............

مختلف پیڑ پودے ............ جڑی بوٹیاں ............ جنگلی جانوروں کی پناہ گاہیں

............ سیر گاہیں ............ چراگاہیں ............ شور مچاتے نالے ............

زمین کے کٹاؤ کی حفاظت ............ لکڑیاں ............ بانس ............ عمارتی

لکڑی ............ سرسبزی ............ آبشاریں ............ بجلی گھر ............ محکمہ

جنگلات، شجر کاری مہم ............ سرکاری اقدامات ............ لکڑی کا کٹاؤ

............ شیخ نورالدین کا کشمیری کلام ............ زراعت کا دارومدار ............

ہماری ذمہ داریاں ............ ۔

(ز) سائنس نے ہماری زندگی ......... مسرت کا اضافہ کیا ہے۔ اس کی

بدولت ہی آج انسان نے ساری ......... پر اپنا تسلط جما لیا ہے .........

بیماریوں کا ......... ہے۔ سائنس نے ہماری ......... اور ذہن کو .........

انسان چاند سے آگے ......... ہے۔ نئی نئی نعمتیں ......... ہمیں ......... لیکن

اس کے ......... استعمال سے دنیا چند منٹوں میں ......... گی۔

۲۔ آپ کے والد صاحب ریاست سے باہر ملازمت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انھیں گھر کی لازم ضروریات سے خط کے ذریعہ آگاہ کر کے مناسب رقم بھیجنے کی استدعا کیجیے۔

(یا)

اپنے دوست کے والد کی وفات پر انھیں ایک تعزیتی خط لکھیے۔

(یا)

اپنے والد کے تبادلہ ہونے پر اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹیفکیٹ اجرا کرنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۸

(الف) مولانا کمزوروں اور بیکسوں کے بڑے حامی تھے۔ خاص کر عورتوں کے، جو ہمارے ہاں سب سے بے کس فرقہ ہے، انھوں نے ہمیشہ حمایت کی۔ ''مناجاتِ بیوہ'' اور ''چپ کی داد'' یہ دو ایسی نظمیں ہیں جن کی نظیر ہماری زبان میں کیا، ہندوستان کی کسی زبان میں نہیں۔ ان نظموں کے ایک ایک مصرع سے خلوص، جوش، ہمدردی اور اثر ٹپکتا ہے۔ نظمیں نہیں دل و جگر کے ٹکڑے ہیں۔ لکھنا تو بڑی بات ہے، کوئی انھیں بے چشم نم پڑھ بھی نہیں سکتا۔

(ب) جس طرح طلوع آفتاب کا جمال اور غروب آفتاب کا جلال، چاند کی روپہلی روشنی اور کہکشاں کا حسن، بہتے پانی کا ترانہ اور سر بفلک پہاڑوں کی عظمت ہر انسان کی دولت ہے، جو ان سے لطف اندوز ہوسکتا ہے۔ اسی طرح گوئٹے اور شیکسپیئر کالی داس اور حافظ، ٹیگور اور اقبال، افلاطون اور سقراط، لنکن اور مہاتما گاندھی، ان سب کی ملکیت ہیں جن کے دل کے تار ان کی حکمت یا شاعری کے زیر و بم کے ساتھ لرزش کرتے ہیں وہ زمان و مکان کی قید سے آزاد ہیں اور انسان کا دل ان کا ابدی نشیمن ہے۔

۴۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ ۷

(i) عبرت۔

(ii) خوشامد۔

(یا)

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) ملک صادق کون تھے اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

(ii) محمد عاقل جن کی چال کیوں نہ سمجھ سکا؟

(iii) لڑکا دیدی کو گڑیا کس کے ہاتھ بھیجنا چاہتا تھا؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا؟

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ ۲

(i) ڈراما۔

(ii) ناول۔

(iii) خاکہ۔

۶۔ کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ ۲

(i) خواجہ غلام السیدین۔

(ii) میر امن۔

(iii) سر سید احمد خان۔

۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔

(الف) میرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں

تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

(ب) دہن پر ہیں ان کے گماں کیسے کیسے

کلام آتے ہیں درمیاں کیسے کیسے

(ج) کوئی امید بر نہیں آتی

کوئی صورت نظر نہیں آتی

(د) ہوں اس کوچے کے ہر ذرہ سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(ہ) ہر ایک رنگ میں کاٹیں گے ہم سزا ہی سہی

یہ زندگی کسی مفلس کی بددعا ہی سہی

(و) اس روشنی کے شہر میں ظلمت کرے گی راج

مجھ کو یقین تھا نہ تجھے ہی گمان تھا

(یا)

دیئے گئے شعری اجزاء میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(الف) اکثر ریاض کرتے ہیں پھولوں پہ باغباں

ہے دن کو دھوپ رات کو شبنم انھیں گراں

لیکن جو رنگ بدلتا ہے ناگہاں

وہ گل ہزاروں پردوں میں جاتے ہیں رائیگاں

(ب) حسن قدیم کی یہ پوشیدہ اک جھلک تھی

لے آئی جس کو قدرت خلوت سے انجمن میں

چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی

نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں

پروانہ اک پتنگا جگنو بھی اک پتنگا

وہ روشنی کا طالب یہ روشنی سراپا

۸۔ درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔ ۲

(الف) خواجہ حیدر علی ............ تخلص ............ فیض آبادی ۱۷۷۷ء والد کے وفات

............ نواب کے ساتھ ............ لکھنؤ ............ فقیرانہ زندگی، بینائی ............ ۷۰ سال

............ ۱۸۴۷ء ............ قلندرانہ شان خیال کا اچھوتا ............ پن ............ ناسخ سے

بلند مرتبہ ...... کلام میں سادگی صفائی ...... شاگردوں کی تعداد ...... نسیم

...... شوق انداز بیان خاص ...... دبستان لکھنؤ ...... ۔

(ب) آپ کا اصل نام ہنس راج ابرولی اور ...... صہبائی ہے۔ آپ

کی ولادت ...... اکھنور تحصیل ...... سہری پلائی میں ہوئی۔ میٹرک پاس

کرنے کے بعد ...... کالج میں داخلہ لیا۔ ریڈیو کشمیر جموں میں ......

سبکدوش بھی ہوئے۔ آپ کی شعری زندگی ...... کے آس پاس ہوا

...... مشورہ سخن کرتے رہے ...... زیادہ تر حصہ غزلوں پر مشتمل ہے۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ ۶

(i) مرثیہ۔

(ii) نعت۔

(iii) نظم۔

**(ii)** مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۰۔ (الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت کو مکمل کر کے لکھئے۔ ۴

الفاظ: خوشبو ، سچائی ، مثال ، پریشان ، خیال

اثر ، دماغ ، ٹھونس۔

اقتباس: ناموری کی ......... نہایت عمدہ ......... کی ہے۔ جب ہوشیاری اور ......... سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اس کا ویسا ہی ......... ہوتا ہے۔ جیسے عمدہ خوشبو کا۔ مگر جب کسی کمزور ......... میں زبردستی سے وہ خوشبو ......... دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو ......... کر دیتی ہے۔ فیاض آدمی کو بدنامی اور نیک نامی کا زیادہ ......... ہوتا ہے۔

(ب) واہ اس کی صورت ماں سے ملتی ہے۔ کیا خوب! چال بھی ویسی ہی ہے لیکن

ہوش مندی میں والد پر گئی ہے۔

مندرجہ بالا جملوں میں ''واہ''، ''کیا خوب''، ''ویسی'' اور ''لیکن'' کس قسم

کے حروف ہیں؟ ۴

(ج) درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور

اسم مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

(i) احمد نے سانپ کو مارا۔

(ii) ظالم اسی دنیا میں رُسوا ہوتا ہے۔

(iii) کالی بلی دودھ پی گئی۔

(iv) آج تازہ پھل نایاب ہیں۔

(د) ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

اقبال بیمار ہے۔

(یا)

رشید بھی ڈاکٹر ہے۔ ۴

۱۱۔ (الف) (i) اس قطعہ کے لفظی معنی کیا ہے؟

(ii) نصاب میں شامل قطعہ کا عنوان کیا ہے؟ ۳

(ب) (i) مولانا محمد حسین آزاد کی نظم کا عنوان کیا ہے؟

(ii) مرکب استعارہ ''باغِ مراد'' کی وضاحت کیجیے۔ ۳

(ج) (i) نظم ''مفلسی'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

(ii) مفلس کو ہمیشہ کس چیز کی فکر رہتی ہے؟ ۳

(iii) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی

تذکیر یا تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

کتاب۔ مکان۔

آسمان۔ کھیت۔

(ب) دیے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع

ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

شکل۔ اوراق۔

حُکام۔ وصف۔

(ج) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھیے۔ ۲

دانا۔ چھوٹا۔

اوپر۔ بدبو۔

(د) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھئے۔ ۲

| | |
|---|---|
| دوا۔ | رسم۔ |
| لازم۔ | امر۔ |

(ہ) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیئے۔ (صرف دو) ۲

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| جلیل۔ | ظاہر ہوئی۔ |
| نمود ہوئی۔ | فرمانبرداری۔ |
| اطاعت۔ | غم۔ |
| رنج۔ | بزرگ۔ |